تبصرے

سائنس کے کرشمے | مرتبہ میر حسن صاحب ایم۔اے تقطیع خورد ضخامت ۱۱۲ صفحات کتابت وطباعت متوسط قیمت مجلد عمر پتہ:- ادارۂ ادبیات اردو، رفعت منزل خیریت آباد حیدرآباد دکن۔

یہ کتاب ان چند اردو تقریروں کا مجموعہ ہے جو حیدرآباد کے ریڈیو اسٹیشن سے سائنس کے موضوع پر مختلف اصحاب نے نشر کی تھیں، ان تقریروں کا مقصد اردو خواں طبقہ کو سائنس کی ان موٹی موٹی باتوں سے واقف کرنا ہے۔ جن کا جاننا ہر معمولی تعلیمیافتہ کے لئے ضروری ہے۔ چنانچہ اس مجموعہ میں ہوا، پانی، بجلی، ہوابازی، ٹیلی فون، کیمیائی جنگ اور ریڈیو پر سات مضامین سات اصحاب کے لکھے ہوئے شامل ہیں۔ زبان عام فہم اور سلیس ہے۔ شروع میں میر حسن صاحب نے سائنس کا تعارف کراتے ہوئے اس کی اہمیت اور ضرورت پر روشنی ڈالی ہے کتاب معلوماتِ عامہ کے سلسلہ میں بہت مفید ہے۔ ہر اردو خواں کو اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

ہماری غذا | مترجمہ سید مبارزالدین احمد صاحب رفعت تقطیع متوسط ضخامت ۱۵۲ صفحات کتابت و طباعت اور کاغذ بہتر قیمت عہ پتہ:- انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی۔

یہ کتاب مسٹر رابرٹ میکرسیس ڈاکٹر آف نیوٹریشنل ریسرچ پاسچر انسٹیٹیوٹ کونور کی کتاب کا سلیس وعام فہم ترجمہ ہے۔ یہ کتاب بائیس ابواب پر مشتمل ہے جن میں فاضل مصنف نے بڑی وضاحت اور عمدگی سے یہ بتایا ہے کہ غذا کا مقصد کیا ہے؟ حیاتین کی قسمیں کتنی ہیں۔ ان کا عام اثر صحت اور جسمانی نشو ونما پر کیا ہوتا ہے۔ کس کس غذا میں کونسا حیاتین کس مقدار میں پایا جاتا ہے، پروٹین کس کو کہتے ہیں۔ اس کی کتنی قسمیں ہیں یہ کتنے اجزاء پر مشتمل ہوتی ہیں۔ غذا میں اس کی کیا اہمیت ہے۔ ہندوستانی اور یوروپین غذاؤں میں کیا کیا نقائص ہیں۔ اور ان کی اصلاح کس طرح ہو سکتی ہے۔ آخر میں ہندوستان کی اشیاءِ خوردنی کی ایک